## ایم کیوایم کے عوامی نمائندوں کو ملنے والا کوٹہ بذریعہ قرعہ اندازی عوام میں تقسیم کردیا گیا

## ایم کیوایم بنیادی طور پر حج کوٹہ سسٹم کے خلاف ہے اور مرکزی حکومت کا حج پر کنٹرول نہیں ہونا چاہئے، فاروق ستار

## نائن زیرو پر تقریب کا انعقاد، خوش نصیب افراد نے ایم کیوایم کے اس عمل کو سراہا

## دیگر سیاسی جماعتوں کو ایم کیوایم کے عمل کی پیروی کرنی چاہئے، خوش نصیب افراد کے تاثرات

کراچی۔۔۔25، ستمبر 2007ء(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی، وفاقی وزراء اور سینٹرز کو ملنے والے حج کوٹہ بذریعہ قرعہ اندازی فریضہ حج ادا کرنے کے خواہش مند افراد میں تقسیم کردیا گیا۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر منگل کے روز ایک سادہ لیکن پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں حج کے خواہش مند سینکڑوں خواتین وحضرات کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اشفاق منگی، شاہد لطیف، ڈاکٹر عاصم اور دیگر نے اپنی نگرانی میں قرعہ اندازی کرائی اور 80 خوش نصیب عازمینِ حج کے ناموں کا اعلان کیا۔تقریب میں موجود بزرگ وخواتین اور معصوم بچوں نے قرعہ اندازی میں حصہ لیا اور اپنے ہاتھ سے بیلٹ بکس سے عازمین حج کے نام کی پرچیاں نکالیں۔قرعہ اندازی کے اس عمل میں ایم کیوایم کا کسی بھی سطح کا کوئی ذمہ دار یا کارکن نے قطعی طور پر کوئی حصہ نہیں لیا اور اسے مکمل طور پر صاف وشفاف رکھا گیا۔حج کوٹہ کی قرعہ اندازی کے سلسلے میں خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں 4 بکس لگائے گئے تھے جن میں سے ایک بکس کارکنان، شہداء اور اسیروں کے لئے جبکہ تین بکس عوام کیلئے رکھے گئے تھے۔ان بکسوں کے تالے فریضہ حج کے خواہش مند افراد کے سامنے کھولے گئے تھے۔دریں اثناء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم بنیادی طور پر حج کوٹہ سسٹم کے خلاف ہے اور مرکزی حکومت کا حج پر کنٹرول نہیں ہونا چاہئے اور غیر سیاسی وسماجی تنظیمیں اور ادارے یہ کام تسلی بخش طور پر کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی ہدایت پر اراکین قومی اسمبلی، سینٹرز اور وفاقی وزراء کو ملنے والا کوٹہ بذریعہ قرعہ اندازی عوام میں تقسیم کیا جارہا ہے اور حج پالیسی کو جدید خطوط پر استوار ہونا چاہئے اس سلسلے میں صرف حکومت ہی نہیں بلکہ دیگر سماجی تنظیموں کو بھی اس میں شامل کیا جانا چاہئے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ وہ واحد سیاسی جماعت ہے جس نے ٹیلیفون کے کوٹے کے بعد حج کے کوٹے کو بھی عوام میں میرٹ کی بنیاد پر تقسیم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بعض سیاسی جماعتیں صرف اپنے اہل خانہ کو ہی نہیں بلکہ من پسند افراد کو کوٹہ سے نوازتی ہیں لیکن ایم کیوایم نے برابری کی بنیاد پر حج کوٹہ کو عوام میں تقسیم کیا ہے۔قرعہ اندازی کے ذریعے حج کوٹہ میں نام آنے والے خوش نصیب افراد نے کہا کہ ایم کیوایم کے اس اقدام سے غریبوں کے ساتھ ایسے لوگوں کو بھی رسائی حاصل ہوئی ہے جو تصور نہیں کرسکتے تھے اور یہ اچھا اقدام ہے جسے جاری رہنا چاہئے۔لوگوں کا کہنا تھا کہ رمضان کے مقدس مہینے میں ایم کیوایم کا یہ اقدام انتہائی قابل ستائش ہے اور یہ وہ واحد سیاسی جماعت ہے جس نے حج کے کوٹے کو بھی عوام میں تقسیم کیا ہے، ہم نے کسی دوسری جماعت میں ایسا عمل نہیں دیکھا اور دیگر سیاسی جماعتوں کو بھی کوٹہ فروخت کرنے یا اپنے ہی عزیز رشتہ داروں میں تقسیم کرنے کے بجائے ایم کیوایم کے اس طریقہ کار کی پیروی کرنی چاہئے۔خوش نصیب عازمینِ حج نے اس موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت اور طویل زندگی کیلئے خصوصی طور پر دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے کارکن عبداللطیف قریشی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔25، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 187 کے کارکن عبداللطیف قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے کارکن عبداللطیف قریشی انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25،ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پاک کالونی سیکٹر یونٹ 187 کے کارکن عبداللطیف قریشی علالت کے باعث انتقال کر گئے۔مرحوم کا شمار ایم کیوایم کے سرگرم کارکنان میں ہوتا تھا اور وہ جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔مرحوم گزشتہ ایک سال سے گلے کے کینسر میں مبتلا تھے اور آج شدید علالت کے بعد اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، دو بیٹے پانچ بیٹیاں شامل ہیں۔عبداللطیف قریشی مرحوم کو آج میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ان کی نماز جنازہ جامع مسجد مقام محمود پاک کالونی میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم رضا، حق پرست رکن قومی اسمبلی عابد علی امنگ، حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان، ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے کارکن عبداللطیف قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## نیشنل بینک کی صدر بیگم رضا علی مرحومہ کے سوئم میں حق پرست ارکان اسمبلی کی شرکت

کراچی۔۔۔25،ستمبر 2007ء۔۔۔حق پرست رکن قومی اسمبلی صفوان اللہ اور رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی نے نیشنل بینک کی صدر بیگم رضا علی مرحومہ کے سوئم میں شرکت کی۔مرحومہ کا سوئم گزشتہ روز سلطان مسجد ڈیفنس فیز 5 میں منعقد ہوا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔حق پرست ارکان اسمبلی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے اپنی اور جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ہمراہ رہے اور انہوں نے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم کینیڈا کا حسن زیدی کی دادی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کیلگری۔۔۔25،ستمبر 2007ء۔۔۔ایم کیوایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی، قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان نے ایم کیوایم کیلگری یونٹ کے کارکن حسن زیدی کی دادی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## دکھی انسانیت کی خدمت کرنا سب سے بڑی عبادت ہے، ایم کیوایم کینیڈا

## رمضان المبارک میں صدقہ، زکوٰۃ، فطرہ اور دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں

کیلگری۔۔۔25،ستمبر 2007ء۔۔۔ایم کیوایم کینیڈا کیلگری یونٹ کے زیر اہتمام فالکن کمیونٹی سینٹر نارتھ ایسٹ کیلگری میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قبل ازیں شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کیلگری یونٹ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا سب سے بڑی عبادت ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے سیاست میں خدمت کے عمل کو متعارف کرایا، غریب و مستحق افراد کی بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان اور مذہب عملی مدد کی ہے اور اس کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن گزشتہ کئی عشروں سے غریب و مستحق افراد کی امداد میں مصروف ہے۔انہوں نے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ رمضان المبارک میں پاکستان کے غریب و مستحق افراد کو یاد رکھیں، رمضان المبارک میں صدقہ، زکوٰۃ، فطرہ اور دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں اور دکھی انسانیت کی خدمت کے عمل میں خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کریں۔

☆☆☆☆☆☆